Sosiaali- ja terveystoimi
Social- och hälsovårdssektorn
سماجی خدمات و نگہداشت صحت
تازہ کردہ 12.10.2020

228_Tietoa eristyspäätöksen saanelle_1
[urdu]

علاحدگی کے فیصلے کے وصول کنندہ کے لیے معلومات

آپ کے توثیق شدہ کووڈ-19 سے متاثر ہونے کی بنا پر آپ کو علاحدگی میں چلے جانے کا حکم دیا گیا ہے۔ علاحدگی کا مقصد کورونا وائرس کو دیگر لوگوں میں پھیلنے سے روکنا ہے۔ علاحدگی کا یہ فیصلہ متعدی بیماریوں سے متعلق قانون کی رو سے کیا گیا ہے۔

آپ کی علاحدگی کے دورانئے سے متعلق معلومات اس حکم نامے کے سلسلے میں فراہم کی گئی ہیں۔ علاحدگی کا دورانیہ عمومی طور پر ہلکی علامات کے حامل شخص کے لیے علامات شروع ہونے کے بعد سے 7 دن اور اسپتال میں داخل کیے جانے کی ضرورت والے شخص کے لیے علامات کے شروع ہونے کے بعد سے 14 دن ہے۔ دو علامتوں سے پاک دنوں کے بعد علاحدگی کو ختم کیا جا سکتا ہے۔ اگر نمونے کے حصول کے ذریعے آپ کے متاثر ہونے کی توثیق کی گئی ہو اور آپ کو کسی علامت کا تجربہ نہ ہو تو علاحدگی کا دورانیہ نمونے کے حصول کے بعد سے 7 دن ہے۔

علاحدگی کا کیا مطلب ہے؟

علاحدگی وہ مدّت ہے جسے آپ کو اپنے اپارٹمنٹ میں گزارنا لازمی ہے۔ آپ کو دیگر لوگوں کے ساتھ قریبی رابطے سے بچنا اور اپنے اپارٹمنٹ میں رہنا لازمی ہے۔ مثال کے طور پر، آپ کو کام پر، اسکول، ڈے کیئر، مشاغل، دکانوں یا دواؤں کی دکانوں پر نہیں جانا ہوگا، کیونکہ ان مقامات پر قریبی رابطے سے بچنا مشکل ہوتا ہے۔ آپ کو کسی ملاقاتی سے ملاقات نہیں کرنی ہوگی اور اپنی کھانے پینے کی اشیا کو منگوانا ہوگا۔

اگر آپ کے لیے کھانے کی اشیا یا دوائیں لانے والا کوئی شخص دستیاب نہیں ہو تو آپ کو 09 310 44400 پر ہیلپ لائن سروس سے رابطہ کرنا ہوگا۔

انفیکشن کے خطرے کو کم کرنے کے لیے آپ کو اپنے گھر میں رہنے والے دیگر لوگوں سے دور رہنا ہوگا۔ اگر ممکن ہو تو آپ کو کسی علاحدہ کمرے میں رہنا ہوگا۔ ہاتھوں کی صفائی اور کھانسی سے متعلق اچھی حفظان صحت کی عادات اپنانا ضروری ہے۔

آپ کو اپنے پالتو کتے کو گھمانے اور کوڑا کرکٹ باہر لے جانے کے دوران لوگوں سے رابطہ کرنے سے پرہیز کرنا ضروری ہے۔

بیماری کا علاج

اگر آپ کی علامات معمولی ہیں اور آپ کا خطرے والے کسی گروپ سے تعلق نہیں ہے تو آپ گھر پر رہ سکتے ہیں۔ آپ کا معالجہ کرنے والے صحت کے مرکز کا/ کی معالج یا پیشہ ورانہ نگہداشت صحت کے مرکز میں موجود ڈاکٹر آپ کو آپ کے کورونا وائرس نمونے کے نتیجے سے مطلع کرنے کے بعد آپ کی صورت حال کی تشخیص کرے گا/گی۔ آپ کے بیمار رہنے کے دوران آرام کرنا اور کافی مقدار میں مائع لینا اہم ہے۔ آپ بنا نسخے والی راست طور پر لی جانے والی دواؤں کے ذریعہ بخار اور درد سے راحت پا سکتے ہیں۔

اگر آپ کو شدید علامتیں جیسا کہ سانس کی تنگی کا تجربہ ہو اور آپ کی مجموعی حالت ابتر ہو جائے تو اپنے ذاتی صحت کے مرکز یا شہر کے کورونا مشاورتی خدمت کو 10024 310 09 پر کال کریں (ہر دن صبح 8 بجے تا شام 6 بجے تک کھلا رہتا ہے)۔ دیگر اوقات میں 117 116 پر میڈیکل ہیلپ لائن کو کال کریں۔ فوری طور پر معالجہ کی ضرورت والی صورت حال میں، مثلاً آپ کو اچانک سینے میں درد کا تجربہ ہو تو ایمرجنسی نمبر 112 پر کال کریں۔

www.hel.fi/sote | 09 310 5015 | Puhelin | PL 6000, 00099 HELSINGIN KAUPUNKI | Toinen linja 4 A
www.hel.fi/sote/sv | 09 310 5015 | Tel. | PB 6000, 00099 HELSINGFORS STAD | Andra linjen 4 A
www.hel.fi/sote/en | 09 310 5015 | ٹیلیفون: | P.O. Box 6000. 00099 CITY OF HELSINKI | Toinen linja 4 A

228_Tietoa eristyspäätöksen saanelle_1
[urdu]

اگر آپ کے بچے/بچی کو کورونا وائرس بیماری لاحق ہو جائے تو بھی یہ معلوماتی پرچی آپ کو بھیجی جائے گی۔ اگر آپ کے بچے/ آپ کی بچی کو درج ذیل میں سے کسی علامت لاحق ہو تو براہ کرم جلد از جلد کسی معالج سے ملاقات کریں، چاہے بیماری کا سبب کچھ بھی ہو یا اصل بیماری کوئی اور ہو۔

- سانس لینے میں دشواری
- نیلگو یا بھورے رنگ والی جلد
- بچہ/ بچی معقول مقدار میں نہ کھاتا/کھاتی ہو
- شدید یا مسلسل جاری قے
- بچہ/ بچی بیدار نہیں ہوتا/ ہوتی یا کسی بات پر ردعمل کا اظہار نہیں کرتا / کرتی
- بچے/ بچی کو آپ کی ران پر رکھے جانے کی صورت میں وہ بہت پریشان ہوتا/ہوتی ہے۔
- علامات چلی جاتی ہیں، لیکن بعد میں بخار یا ابتر کھانسی کے ساتھ واپس آتی ہیں

آمدنی کے نقصان کے لیے معاوضہ

آپ کی علاحدگی کی وجہ سے آمدنی کے نقصان کی وجہ سے، آپ متعدی بیماری کے بھتّے کو موصول کرنے کے حق دار ہو سکتے ہیں۔ سوشل انشورنس انسٹی ٹیوشن (Kela) میں اس کی درخواست دی جا سکتی ہے۔ آپ کو ہیلسنکی شہر کے متعدی بیماری کے معالج کے ذریعہ تحریر کردہ علاحدگی کا فیصلہ موصول ہوگا، جسے آپ کی درخواست کے ساتھ منسلک کرنا ہوگا۔ علا حدگی کا فیصلہ آپ کو رجسٹرڈ ڈاک یا محفوظ ای میل کے ذریعے خودبخود طور پر بھیجا جائے گا۔ آپ کو چاہیے کہ آپ علاحدگی کا حکم نامہ موصول ہونے کے دو ماہ کے اندر Kela کے پاس اپنی درخواست پیش کریں۔

متعدی بیماری کے بھتّے کام سے غیر حاضری، علا حدگی یا قرنطینہ کے نتیجے میں واقع ہونے والے آمدنی کےنقصان کا ایک مکمل معاوضہ ہے۔ ملازمین کے روزانہ بھتّے کا تعین انہیں کام پر ملنے والی تنخواہ کی بنیاد پر کیا جاتا ہے۔ کاروباری حضرات کے روزانہ کے بھتّے کا تعین خود روزگار اشخاص (YEL) کی سالانہ آمدنی کے تحت کیا جاتا ہے اور کسانوں کی (MYEL) کی پینشن انشورنس اسکیمیں کام سے غیر حاضر رہنے کے آغاز پر درست ہے۔ اگر بچے/ بچی کو قرنطینہ میں چلے جانے کا حکم نامہ دیا جائے اور سرپرست اس کی وجہ سے کام کرنے سے قاصر ہو تو 16 سال سے چھوٹی عمر کے بچے/ بچی کے سرپرست کو متعدی بیماری کے بھتّے کا حق حاصل ہے۔ مزید معلومات https://www.kela.fi/web/en/sickness-allowances-infectious-disease میں دستیاب ہیں۔

قرنطینہ کے سلسلے میں آپ کے قریبی روابط سے رابطہ کیا جائے گا۔

ہیلسنکی کی وبائی امراض سے متعق کارروائیاں، آپ کے قریبی روابط کا نقشہ تیار کرے گی اور ان کے لیے قرنطینہ کے اوقات کا تعین کیا جائے گا۔ قرنطینہ کا دورانیہ متاثرہ شخص کے ساتھ آخری قریبی رابطے کے بعد سے 10 دن ہے۔ اگر آپ کے گھر میں دیگر لوگ رہائش پذیر ہیں تو قرنطینہ کی طوالت پہلے متاثرہ شخص کی علامات کے آغاز یا بغیرعلامات والے شخص کی صورت میں نمونے کے حصول سے دو ہفتے تک ہے۔

علاحدگی پر عمل کرنا لازمی ہے

متعدی بیماری کے حکّام کے ذریعے دئے جانے والے علاحدگی کے حکم نامے پر سختی کے ساتھ عمل کیا جائے۔ فنش قانون کے مطابق، کسی قرنطینہ یا علاحدگی کے قانون کی خلاف ورزی کرنے پر صحت کے تحفظ کے خلاف ایک جرم کے طور پر جرمانے یا زیادہ سے زیادہ تین ماہ کی قید کی سزا کے طور پر سزا دی جا سکتی ہے، چاہے آپ نے کسی دوسرے شخص کو متاثر نہ کیا ہو۔